وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب نے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے خلاف شکایات کا ازخود نوٹس لے لیا

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم آج ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس اسلام آباد کا دورہ کرے گی

اسلام آباد(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ڈائریکٹوریٹ آف ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے خلاف بدانتظامی کی شکایات کا ازخود نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے سینئر افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم تشکیل دی ہے جو آج (پیر) ڈائریکٹوریٹ آف ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اسلام آباد کا دورہ کرے گی۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس کے خلاف بدانتظامی بشمول ٹیکس کے تخمینہ، گاڑیوں کی رجسٹریشن، ان کے معائنہ اور رجسٹریشن کارڈ حاصل کرنے میں تاخیر نیز ایجنٹوں کی دخل اندازی سے متعلق بڑی تعداد میں شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے یہ معائنہ ٹیم تشکیل دی ہے جو دورہ کے دوران ان شکایات کا جائزہ لے گی اور ان کے حل کے لئے تجاویز پرمبنی اپنی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کرے گی۔ سینئر ایڈوائزر کی سربراہی میں یہ ٹیم آج ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس اسلام آباد کے دورے کے دوران موقع پر موجود افراد کی شکایات بھی سنے گی اور ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن انتظامیہ سے مل کر ان کا قابل عمل حل تلاش کرے گی۔

(خالد سیال)
کنسلٹنٹ (میڈیا)
03335333266
21 اپریل 2024ء